Adopted unanimously
01/12/25 6:10 P.M

(5) (9)

Passed Notice 275

# *قرارداد*

یہ معزز ایوان قرار دیتا ہے کہ ایم پی او کی دفعہ 3 اور دفعہ 16 کے اختیارات ڈپٹی کمشنرز کو تفویض ہونے کے باعث سیاسی اور سماجی کارکنان کے آئینی حقوق متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے، جیسا کہ آپ سب کے علم میں ہے کہ دستور پاکستان کے رو سے ہر شہری کو آزادی اظہار رائے کا حق حاصل ہے، اکثر ریاستی اداروں کی جانب سے پولیس فورس کے ذریعے سیاسی ورکروں کیخلاف اسی طرح کے جعلی ایف آرز کاٹ کر جعلی مقدمات میں پھنسایا جاتا ہے،جو کہ آئین اور قانون کے صریحاً خلاف ورزی ہے جس کی ایک تازہ مثال ہمارے ایک سیاسی کارکن عبید سالارزئی کو اسی طرح کے جعلی مقدمات میں مطلوب قرار دیا گیا ہے۔

لہٰذا ایوان صوبائی حکومت سے سفارش کرتا ہے کہ سیاسی جماعتوں کے کارکنان اور سماجی ورکروں کو جعلی ایف آئی آرز اور ایم پی او کی مذکورہ دفعات کے تحت کارروائی سے مستثنیٰ رکھا جائے۔مزید یہ کہ پُرامن سیاسی سرگرمیوں کے خلاف ایم پی او کے استعمال کی روک تھام اور اس کے ممکنہ غلط استعمال کی نگرانی کے لیے مناسب انتظامی ہدایات اور مؤثر مانیٹرنگ نظام وضع کیا جائے، صوبائی حکومت آئی جی پولیس کو واضح ھدایت دیں کہ وہ سیاسی کارکنوں پر جعلی ایف آئی ارز کو فوری طور پر روک دیں۔

RESOLUTION

Session No. 9th

Notice No. 275

Received Time: 6:10 PM

Received Date 1/12/2025

From Mr/Ms. محمد نثار باز MPA

Receiver Sign: [signature]

[signature] 1/12/25

*محمد نثار باز*

*رکن صوبائی اسمبلی*

*عوامی نیشنل پارٹی*